NYC Department of Health and Mental Hygiene | Department of Education

سر کی جوؤں کے متعلق حقائق

سر کی جوئیں کیا ہوتی ہے؟

- سر کی جوئیں چھ ٹانگوں والے چھوٹے چھوٹے کیڑے ہوتے ہیں اور عموماً تِلوں کے سائز (برگر بن پر لگے ہوئے بیج) کے ہوتے ہیں۔
- وہ کھوپڑی پر یا اسکے بہت قریب رہتی ہیں اور بالوں پر نیچے کی جانب زیادہ دیر گھومتی پھرتی نہیں ہیں۔
- یہ صرف انسانوں پر رہتی ہیں؛ یہ آپ کو جانوروں سے نہیں لگ سکتیں۔
- لیکھیں جوؤں جیسی **نہیں** ہوتی ہیں۔ جوئیں کیڑے ہوتے ہیں جو سر میں گھومتے ہیں۔ لیکھیں جوؤں کے دیے ہوئے انڈے ہوتے ہیں، جو بالوں کی لٹوں سے چپک جاتے ہیں؛ یہ پن کے سرے سے بھی چھوٹے ہوتے ہیں اور موتی کی طرح سفید ہوتے ہیں۔
- اگر آپ کے سرمیں لیکھیں ہیں، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کے سر میں جوئیں ہیں۔ جب آپ تمام جوؤں سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں، لیکھیں اس وقت تک بالوں سے چپکی رہیں گی جب تک یہ بڑھ نہیں جاتے۔
- آپ کے سر میں جوئیں ہیں اگر آپ ایک زندہ، چلتی پھرتی جوں (انڈا نہیں) اپنے سر پر پائیں۔
- سر کی جوئیں کسی کے بھی ہوسکتی ہیں۔
- سر کی جوؤں کی بیماری قریبی خاندان اور دوستوں سے گھر میں اور برادری میں لگ سکتی ہے، اسکول سے نہیں۔
- جوؤں کے پھیلنے کے لیے ضروری ہے کہ سر سے سر مس ہو۔ یہ نہ تیر سکتی ہیں، نہ اُڑ سکتی ہیں، نہ اچھل یا کود سکتی ہیں۔

آپ سر کی جوؤں سے کیسے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں؟

- خاندانوں کے لیے اس وبا کو روکنے کا بہترین طریقہ یہ جاننا ہے کہ اپنے سروں کا کس طرح معائنہ کیا جائے۔ اس طرح وہ جوؤں کو نسل بڑھانے کا موقع ملنے سے پہلے تلاش کرسکتے ہیں۔
- بچوں کو ہیٹس، کنگھے، برش وغیرہ ایک دوسرے کے ساتھ نہ بانٹنے کی ہدایت کریں۔
- متاثر فرد کے تمام چادریں، تولیے اور کپڑوں کو صابن اور گرم پانی سے دھویا جائے اور ایک ڈرائر (سُکھانے کی مشین) میں کم از کم 20 منٹ کے لیے ڈالیں تاکہ باقی ماندہ جوؤں کو مارنے میں مدد مل سکے۔ ڈرائی کلین کیے جانے والے تمام کپڑوں کو ڈرائی کلین کرنا چاہیئے۔ متاثرہ فرد کے تمام اسٹفڈ کھلونوں کو ایک پلاسٹک بیگ میں بند کرکے 10 دن کے لیے چھوڑ دیں تاکہ جوئیں فاقے سے مر جائیں۔ کنگھوں اور برشوں کو یا تو پھینک دیں یا انہیں الکوحل یا جوؤں کو مارنے کے لیے استعمال کیے گئے دوائی والے شیمپو میں بھگوئیں۔ بالوں کی کوئی بھی آرائشی اشیأء جیسے بالوں کی الاسٹک اور ربنوں کو پھینک دیں۔ قالینوں اور کپڑے چڑھے فرنیچر کو ویکیوم سے اچھی طرح صاف کریں۔
- پالتو جانور سر یا جسم کی جوؤں سے آلودہ نہیں ہوسکتے اس لیے انکے واسطے کوئی احتیاط لازم نہیں ہے۔

اسکول واپسی

- طلبا جوؤں کے علاج کے بعد اس وقت اسکول میں واپس آسکتے ہیں جب نامزد کردہ اسکول عملے کے ذریعے دوبارہ معائنہ کیے جانے پر کوئی زندہ جوئیں نہ پائی جائیں۔
- طلبا کے ابتدائی علاج کے 14 دن بعد نامزد کردہ فرد کے ذریعے یہ یقینی بنانے کے لیے دوبارہ معائنہ کیا جائے گا کہ سر میں کوئی زندہ جوئیں موجود نہیں ہیں۔
- جن طلبا کے سر میں زندہ جوئیں پائی جائیں گی انکو اسکول آنے سے روک دیا جائے گا۔
- اگر آپکو اپنے بچے کے سر کی جوئیں ختم کرنے میں مشکلات کا سامنا ہو تو اپنے طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے مشورہ کریں۔

فروری 2018 میں تجدید کی گئی